اِکسیرِ اجملی

عرف

امرت دھارا یا حِکمت کی تھیلی

وہ چالیس سالہ آزمودہ مُرکب

جو

کئی امراض کے لئے شافی ثابت ہو چکا ہے

مصنف

بابا عبدالکریم گجراتی

ناشرین

ملک سراج الدین اینڈ سنز پبلشرز، 48/سی لوئر مال، لاہور

اکسیرِ اجملی

عرف

امرت دھارا یا حکمت کی تھیلی

وہ چالیس سالہ آزمودہ مرکب،

جو

کئی امراض کے لئے شافی ثابت ہو چکا ہے

مصنفہ

بابا عبدالکریم گجراتی

ناشرین

ملک سراج الدین اینڈ سنز پبلشرز 48/سی لوئر مال، لاہور

۷۸۶

حکیمِ اعظم، فخرِ حکمت، عالی جناب حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم
کے
بیاض کا ایک نایاب تحفہ

اکسیرِ اجملی عرف امرت دھارا

نسخہ

مُشک کافور ۵ تولے۔ ست پودینہ ۵ تولے۔ ست اجوائن ۵ تولے۔ روغن الائچی ۵ تولے۔ ٹنکچر کارڈے مَم کو ۱۰ چھٹانک۔

مندرجہ بالا تمام اجزاء کو ایک صاف بوتل میں ڈال دیں اور کارک لگا کر بوتل کو دھوپ میں رکھ دیں۔ یہاں تک کہ تمام اجزاء یک جان ہو جائیں۔ نسخہ اکسیر اجملی تیار ہو گیا۔ حسبِ ہدایات اکسیر اجملی ضرورت اور بیماری کے مطابق استعمال کریں۔ اشتہاری لوگ اور مجمع لگانے والے اسی مرکب میں رنگ ملا کر اور مختلف ناموں سے چھوٹی چھوٹی شیشیوں میں بند کر کے شہر بہ شہر فروخت کرتے نظر آتے ہیں۔

اس کی ترکیب استعمال نہایت آسان الفاظ میں کئی امراض کے لئے حسبِ عنوان درجِ ذیل ہے :۔

سر درد ہر قسم

عام طور پر "اکسیرِ اجملی" کے سُونگھنے سے سر درد کافور ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر اس طرح آرام نہ آئے تو چند قطرے انگلیوں پر لگا کر درد والے مقام پر ہلکی مالش کریں۔ دَورے والے شدید درد میں "اکسیرِ اجملی" کے دو قطرے خمیرہ بنفشہ میں ملا کر کھالیں اور بعد میں دُودھ یا شِیر گرم پانی پی کر سو جائیں۔

بلغمی کھانسی اور دَمہ

"اکسیرِ اجملی" کے تین قطرے سفوف فلفل دراز تین ماشے پر ٹپکا کر کھالیں اور بعد میں ۵ تولے عرق گاؤزبان دن میں دو مرتبہ پینے سے چند روز میں دونوں امراض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

ذات الجنب

"اکسیرِ اجملی" کی چار بُوندیں ایک تولہ عرق بادیان میں حل کر کے ہر دو دو گھنٹہ بعد صحت ہونے تک پلاتے رہیں۔

کان کا زخم

"اکسیرِ اجملی" کے دو قطرے چار ماشے پیاز کے پانی یا چار ماشے روغن گُل میں حل کر کے صبح و شام دو قطرے نیم گرم کر کے کان میں ٹپکا دیا کریں۔ بفضلہ تعالیٰ صحت ہو گی۔

کان کی خارش

"اکسیرِ اجملی" کا ایک قطرہ دس بُوند سرکہ انگوری میں حل کر لیں اور اس محلُول سے رُوئی کو تر کر کے کان کے اندر رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خارش کو فوری طور پر آرام آجائے گا۔

ورمِ گوش "اکسیرِ اجملی" کے دو قطرے دس دس قطرے سرکہ انگوری اور گلُ روغن کے لے کر محلول بنا لیں اور صبح و شام دو دو قطرے آرام آنے تک کان میں ڈالتے رہیں۔

ناک کا زخم "اکسیرِ اجملی" کا ایک قطرہ دس قطرے سرکہ انگوری میں حل کر کے زخم پر لگائیں۔

ناک کی پھُنسیاں "اکسیرِ اجملی" کا ایک قطرہ دس بُوند شیرۂ صندل میں ملا کر دن میں متعدد بار سُونگھیں۔

ناک سے بُو آنا "اکسیرِ اجملی" کا ایک قطرہ دس بُوند شیرۂ صندل میں ملا کر دن میں متعدّد بار سُونگھیں۔

چھینکیں آنا "اکسیرِ اجملی" کا ایک قطرہ روغن گلُ میں ملا کر سُونگھنے سے فوراً چھینکیں بند ہو جائیں گی۔

ہمہ اقسام معمُولی بُخار "اکسیرِ اجملی" کے تین قطرے تین ہی ماشے عرق گلو یا عرق گاؤزبان یا عرق بادیاں یا نیم گرم دُودھ میں ملا کر ہر چار گھنٹے بعد صحت ہونے تک پلاتے رہیں۔ حسبِ موقع مزید بدرقہ کے ہمراہ بھی دے سکتے ہیں۔

گلے پڑ جانا "اکسیرِ اجملی" کے دو چار قطرے ایک عدد آملہ پر ڈال کر رات سوتے وقت صحت ہوتے تک منہ میں روزانہ چبا لیا کریں۔

دردِ گلُو "اکسیرِ اجملی" کے دو قطرے ایک تولہ روغن تلی میں ملا کر گلوں پر مالش کریں اور آٹھ قطرے ایک گلاس گرم پانی میں

ڈال کر ہر دو گھنٹے بعد صحت ہونے تک غرارے کریں۔

پاگل کُتّے کا کاٹنا۔یا۔سانپ کا ڈسنا

"اکسیرِ اجملی" میں رُوئی یا ململ کا کپڑا بھگو کر مقامِ گزیدہ پر رکھّیں اور بار بار اس مرکّب سے تر کرتے رہیں۔نیز اکسیر استعمال کرنے سے پہلے مقامِ گزیدہ پر چاقو سے شگاف دے لیں۔ اور ایک بالشت اُوپر کی طرف چھوڑ کر کَس کر ایک پٹّی باندھ دیں۔تاکہ زہر جسم میں نہ پھیلے۔

سُوزاک

"اکسیرِ اجملی" کے تین قطرے ایک چھوٹے بتاشہ پر ٹپکا کر چُوسیں اور بعد میں دُودھ کی لسّی میں تھوڑا سا قلمی شورہ ملا کر دن میں پانچ چھ مرتبہ پی لیا کریں۔

گِلٹیاں نکلنا

"اکسیرِ اجملی" کی دن میں تین چار مرتبہ مالش کر کے رُوئی باندھ دیں۔

درد، چوٹ یا جوڑوں کے درد

"اکسیرِ اجملی" کے پندرہ قطرے ایک تولہ میٹھے تیل میں ملا کر محلُول بنالیں اور اس محلول کی ہر چار گھنٹے بعد مقامِ درد پر مالش کر کے رُوئی باندھ دیں۔

مُنہ سے خُون یا پیپ آنا

"اکسیرِ اجملی" کی دو بُوندیں ایک چھٹانک تازے پانی اور ایک تولہ عرق پودینہ میں حل کر کے آدھے حصّہ سے خُوب اچھی طرح سے کُلّیاں

کریں اور باقی آدھے کو پی جائیں۔ صحت ہونے تک ایک آدھ دفعہ روزانہ اسی طرح استعمال کریں۔

زکام و نزلہ "اکسیر اجملی" کو تھوڑے وقفے سے سونگھ لینا ہی کافی ہوگا۔

دردِ چشم "اکسیر اجملی" کے دس قطرے ایک پاؤ اُبلے ہوئے پانی میں ڈال کر بوقتِ ضرورت رُوئی بھگو کر ٹکور کریں۔

پھوڑے پھنسی وغیرہ ابتدائی صورت میں "اکسیر اجملی" کو چند بار چُپڑنے سے ہی فائدہ ہوگا اور اگر مُنہ کھُل کر زخم ہو گیا ہو تو روغن سرشف میں ملا کر زخم پر لگاتے رہیں اور اگر پھوڑے سے مواد نکالنا مقصود ہو گرم کر کے لگائیں۔

بالیوں یا کان چھدوانے سے کان پکنا "اکسیر اجملی" کو دن میں دو دفعہ لگانے سے چند دنوں میں زخم بھر جائیں گے۔

داد یا چنبل "اکسیر اجملی" سے متاثرہ مقام کو چُپڑ دیا کریں۔ چند یوم میں نمایاں فرق ظاہر ہوگا۔

مچھر، مکھی اور بھڑ وغیرہ کا کاٹنا "اکسیر اجملی" سے متاثرہ مقام کو چُپڑ دیں۔

مُفرّحِ دماغ "اکسیر اجملی" ایک تولہ پاؤ بھر تلی کے تیل میں ملا کر رکھ لیں۔ جب دماغی کام کی وجہ سے تھکاوٹ محسوس ہو

کریں تو اس سے سر کی مالش کریں۔ سب تکان دُور ہو جائے گی۔ بعد از غسل روزانہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

بواسیر اندرونی یا بیرونی "اکسیرِ اجملی" کے تین قطرے مکھن میں ڈال کر صبح خالی معدے کھا لیا کریں۔ مسّوں پر لگانے سے بھی فائدہ ہو گا۔

اختلاج، کمزوریٔ دِل، کمزوریٔ دماغ وغیرہ "اکسیرِ اجملی" کے دو یا چار قطرے مصری کے اُوپر ٹپکا کر چُوس لیں اور اس کے بعد چاندی کے ورق لگا کر مُربّہ آملہ استعمال کریں۔ حافظہ کی کمزوری کے لئے تین قطرے بالائی میں ملا کر نہار مُنہ کھا لیا کریں۔

ہَیضہ "اکسیرِ اجملی" کے چار چار قطرے ہر ایک گھنٹہ بعد آرام آنے تک کوزہ مصری پر ٹپکا کر چُوس لیا کریں۔

بد ہضمی، بھوک کم لگنا، گرمیٔ معدہ اور انقلابِ معدہ وغیرہ

"اکسیرِ اجملی" کے دو سے چار قطروں تک عرق بادیاں میں ملا کر پی لیں۔

قبض "اکسیرِ اجملی" کے پانچ قطرے رُوحِ گلاب ایک چھٹانک میں ملا کر رات کو سونے سے پہلے پی لیا کریں۔

دردِ شکم، نفخِ شکم، قراقر وغیرہ "اکسیرِ اجملی" کے دو یا چار قطرے ایک تولہ عرق بادیاں میں ملا کر دیں۔

پیچش "اکسیر اجملی" کے چند قطرے تھوڑے سے انار دانے میں گھوٹ کر چٹائیں۔ فائدہ ہوگا۔

قے، اُبکائیاں وغیرہ "اکسیرِ اجملی" کے تین قطرے سفوف مصطگی رومی تین ماشہ میں ملاکر انار دانے کے پانی کے ساتھ دینے سے یہ تکلیف جاتی رہے گی۔

مِرگی "اکسیرِ اجملی" کے دو دو قطرے صبح و شام مصری پر ٹپکا کر عرصہ تک دیتے رہیں۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

دانتوں کا ہلنا، خون آنا، پانی لگنا، دانت درد وغیرہ

"اکسیرِ اجملی" کے تین قطرے ایک ماشہ پسی ہوئی پھٹکری میں ملاکر روزانہ صبح و شام دانتوں پر مل کر مُنہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ بعد میں نیم گرم پانی سے مُنہ صاف کر دیں۔

پلیگ یا طاعون "اکسیرِ اجملی" کا ایک قطرہ روغن گُل میں ملاکر کان میں ڈالیں اور چند قطرے مصری پر ڈال کر مریض کو چوسنے کو دیں۔ بعد میں سونٹھ کا جوشاندہ گرم دودھ میں ملاکر مریض کو پلائیں۔ اس کے علاوہ دو قطرے گرم گھی میں ملاکر گلٹی پر مالش کریں

دیگر امراض ہر قسم کسی کہنہ مشق طبیب سے مشورہ کریں۔ ورنہ اپنی سوجھ بوجھ کے مطابق "اکسیرِ اجملی" کے چند قطرے مصری پر ٹپکا کر یا کسی اور مُناسب بدرقہ کے ساتھ دینے سے

عام بیماریوں میں "اکسیر اجملی" کو ۹۰ فی صد شافی پائیں گے۔

خاص ھدایات:- "اکسیرِ اجملی" کی اُوپر لکھی ہوئی ہدایات اور ترکیبِ استعمال بڑوں کے لئے ہے۔ بچوّں کو نصف مقدار دینی چاہیئے۔ "اکسیرِ اجملی" والی شیشی کو ہمیشہ کارک لگا کر رکھیں۔ ورنہ اکسیر بُخارات بن کر اُڑ جائے گا۔

چند دیگر مُجرّب اور زُود اثر نسخہ جات

دردِ شقیقہ یہ آدھے سَر کا درد کہلاتا ہے۔ اسطوخودوس ۶ ماشہ اور مرچ سیاہ پانچ دانہ، پاؤ بھر پانی میں گھوٹ کر دو بڑے چمچ روزانہ سُورج نکلنے سے پہلے پلائیں اور اسی پانی میں کپڑا بھگو کر پیشانی پر باندھیں۔ غذا نہایت تھوڑی کھائی جائے۔ تین دن تک استعمال کرنا ضروری ہے۔ انشاء اللہ صحت ہوگی۔

اندھراتہ نمکین پانی کا ایک ایک قطرہ سوتے وقت آنکھوں میں ڈالا کریں۔

پائیوریا پائیوریا کے لئے نہایت بہترین علاج۔ نیلا تھوتھہ بریاں ۴ ماشہ، پانی میں حل کر کے روزانہ غرارے کیا کریں۔ ایک ماہ میں جڑ سے چلا جائے گا۔ احتیاط یہ ہے کہ غرارے کرتے وقت پانی حلق کے اندر نہ جانے پائے۔

کان کا رِسنا درد، کان رِسنا اور پیپ وغیرہ کے لئے سرسوں کے تیل میں کیکر کے پھول جلا کر پُن لیں اور کان میں ڈالیں۔

کالی کھانسی ننھے بچوں کی کالی کھانسی کے لئے بہتر ٹوٹکہ۔ پُھٹکنڈا کی راکھ، ناریل اور شہد خالص میں چٹانا بہتر ہے۔

خُونی پیچش خونی پیچش کے لئے گُڑ کے میٹھے چاول پکا کر آم کے اچار کے ساتھ کھائیں۔ جب بھی آزمایا، مفید پایا۔

کِرمِ شکم پوٹاسیم پرمیگنٹ ایک چاول لے کر منقّہ میں بند کر کے کِھلا دیں۔ ایک دو خوراک میں ہی کِرم ختم ہو جائیں گے۔

بواسیر پوست ریٹھہ سوختہ، گل بکائن یعنی دھریک کے پھول، گل نیم اور کتھّہ ہموزن لے کر سفوف بنالیں۔ خوراک، ۳ ماشہ بالائی استعمال کریں۔ مجرّب ہے۔

مِرگی ایک کنکھجورا جس کو پکڑتے، مارتے اور پیستے وقت لوہا استعمال نہ کیا جائے۔ سُکھا کر سفوف بنالیں۔ مرگی والے کو عین دَورہ کے وقت نسوار دیں۔ چھ سات دفعہ عین دَورہ کے وقت نسوار دینے سے مرگی کا مریض تندرست ہو جائے گا۔

قوّتِ باہ قوّتِ باہ میں اضافہ کے لئے غریبانہ ٹوٹکہ۔ گودہ کنوار گندل پاؤ بھر، گائے کے دُودھ ایک سیر میں کھویا بنالیں اور اس میں چینی ملا کر روزانہ آدھی چھٹانک صبح کے وقت کھا لیا کریں نہایت عجیب چیز ہے۔

دیگر قوتِ باہ گھر میں پسے ہوئے آٹے کا چھان محفوظ رکھیں۔ قدرت نے اس میں وہ طاقت بخشی ہے کہ شاید کسی اور چیز میں نہ ہو۔ چائے کی جگہ اسے ڈال کر چائے بنا کر پینے والا کبھی نامرد نہ ہوگا۔ قوتِ باہ کے لئے اکسیری ٹوٹکہ ہے۔ علامہ مشرقی نے اس کی بہت تعریف فرمائی ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ نہ جانے اِس میں اور کیا کیا قوتیں پنہاں ہیں جو انسان کے لئے یقینی طور پر مفید ہیں۔

جل جانا انڈے کی سفیدی میں ۴ ماشہ مُشک کافور ملا کر لگائیں۔ ہر قسم کے جلے کو نافع ہے۔

جامع الاکاسیر
المعروف بہ
کشتہ جات نظیر

کامل پانچ حصے

معنفہ

جناب مولوی نذیر احمد خان طبیب گنگوہی

☆ اس سے پیشتر رسالہ ہائے کشتہ جات و دیگر کتب کثرت سے شائع ہو چکے ہیں مگر سب کے سب نامکمل سمجھتا ولاعلما کے مصداق ہیں کشتہ جات کے شوقین ہنوز بے بہرہ ہیں۔ مصنف نے ہر قسم کے کشتہ جات عرصہ دراز میں اس مرض مہوسی سیکھنے اور بنائے اور تجربہ کیا ان کو ایک جا جمع کر دیئے ہیں تا کہ عوام الناس فائدہ اٹھا کر دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

☆ جامع الاکاسیر پانچ حصص پر مشتمل ہے۔

☆ حصہ اول کشتہ جات نظیر

☆ حصہ دوم کیمیائے نظیر

☆ حصہ سوم مجربات نظیر المعروف بہ قرابادین نظیر

☆ حصہ چہارم عملیات نظیر

☆ حصہ پنجم علاج العین نظیر

☆ جامع الاکاسیر کا کوئی حصہ نا کارہ نہیں ہے۔ اس کتاب میں وہ نسخے درج ہیں جو حکیموں اور سنیاسیوں کے ہی آج تک سینہ بسینہ چلے آ رہے تھے ہر قسم کے عملیات بزرگوں کے آزمودہ درج ہیں اور اجازت حاصل کی گئی ہے۔

☆ الگ الگ حصے جات دستیاب نہیں ہیں۔

پانچ حصص یک جا مجلد قیمت -/300 روپے

معجزات و عجائبات طب یونانی

المعروف سلک معجزنما

مصنف و مؤلف

ڈاکٹر شاد گیلانی

☆ اس کتاب میں طب یونانی کے وہ جواہر پارے ہیں جس کے مقابلے میں ایلوپیتھی میں ابھی تک کوئی دوائی ایجاد نہیں ہو سکی۔

☆ اس کتاب میں جو جواہر پارے ہیں۔ ایسے ایک ایک نسخہ کو اطبا ہزار کاوشوں سے حاصل کرتے ہیں برسوں خدمت کرنے کے بعد جب حاصل ہو جائے تو اپنے سینوں میں دفن کرتے ہیں وہ انمول خزانہ اس کتاب میں ہے۔ قیمت -/60 روپے

ہومیوپیتھک

جیبی انسائیکلوپیڈیا

مصنف و مؤلف

ڈاکٹر شاد گیلانی

☆ ہومیوپیتھی "علامات" کا علاج ہے۔

☆ مصنف و مؤلف نے اپنے تجربات کو اس طرح پیش کیا ہے کہ ہر طبیب ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

☆ مختصر سا فارمولیا ہے۔

☆ یہ فارما کوپیا ہومیوپیتھ ڈاکٹر کے لئے بے حد مفید ہوگا۔

☆ محدود تعداد میں موجود ہے۔ قیمت -/60 روپے

مجربات بوعلی سینا
و
لذات النساء

معنفہ

جناب حکیم محمد عزیز حکیم حاذق

☆ یہ کتاب قانون شیخ الرئیس بوعلی سینا طب اکبر، زمرد مختصر، میزان طب، کفایہ منصوری الجرن حکمت و دیگر کتب معتبرہ سے منتخب کر کے بنائی گئی ہے۔ قیمت -/200

حکمت
کے
خفیہ راز

معنفہ

جناب حکیم دیوان کاہن چند کپور پشاوریہ

☆ یہ کتاب میں معمولی امراض سے لے کر نہایت خطرناک بیماریوں کے نسخہ جات درج ہیں جو مصنف کتاب کی اپنی تمام زندگی میں بارہا تجربہ میں آ چکے ہیں۔ قیمت -/60 روپے

حکمت
کے
مفید ٹوٹکے

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

☆ حکمت کے آسمان پر چاند اور ستارے۔

☆ مفید ٹوٹکے مرتب کو پچیس برس کی سر توڑ کوشش کے بعد حاصل ہوئے۔ قیمت -/100

آسان بائیو کیمسٹری

مصنف و مؤلف

ڈاکٹر سلطان محمود چغتائی تلمیذ ڈاکٹر شاد گیلانی ہومیوپیتھ

☆ ہومیوپیتھک علاج کیلئے لاجواب کتاب قیمت -/100

اکسیر اجملی

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

☆ حکیم اعلم فخر حکمت جناب حکیم محمد اجمل خان صاحب کے بیاض میں سے چند نایاب تحفے قیمت -/50

خط و کتابت اور منی آرڈر بھیجنے کا پتہ:- ملک سراج الدین اینڈ سنز' پبلشرز، 48/C لوئر مال، لاہور